28 جون 2023

## لوّ از اِن دی ایئر! اپنی شادی برامپٹن فارمرز مارکیٹ میں منعقد کریں!

سٹی آف برامپٹن اس موسم گرما کے دوران تین ہفتوں تک صرف بروز ہفتہ کو ہی سول میرج کی تقریبات کی پیشکش کر رہا ہے! زبردست عوامی مانگ پر ایجاب و قبول کی محفل کے انعقاد کی سہولت پیش کی جا رہی ہے، جس میں ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کے خوبصورت گیج پارک گیزیبو میں، فارمرز مارکیٹ کے دوران، 350$ (علاوہ HST) میں سٹی کے زیر اہتمام شادی کے بندھن میں بندھ جائیں۔

محدود جگہیں دستیاب ہیں:

- اپنے لیے بروز ہفتہ 15 جولائی کی جگہ محفوظ کروانے کے لیے 7 جولائی تک موقع پر تشریف لا کر بک کریں۔
- اپنے لیے بروز ہفتہ 26 اگست کی جگہ محفوظ کروانے کے لیے 18 اگست تک موقع پر تشریف لا کر بک کریں۔
- اپنے لیے بروز ہفتہ 16 ستمبر کی جگہ محفوظ کروانے کے لیے 8 ستمبر تک موقع پر تشریف لا کر بک کریں۔

بکنگ کے وقت بکنگ کی پوری فیس لازمی ادا کرنا ہو گی۔ بکنگ کے وقت شادی کا ایک قابل قبول لائسنس پیش کرنا یا خریدنا ضروری ہے ($165)۔ شادی کا لائسنس سٹی ہال میں خود جا کر حاصل کیا جا سکتا ہے (پیر تا جمعہ، صبح 8:30 تا شام 4:00 بجے تک)۔

**میرج لائسنس**

اپنی شادی منانے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں؟ اونٹاریو میں شادی کرنے سے پہلے، آپ کو شادی کا لائسنس حاصل کرنا ہوتا ہے۔ سٹی آف برامپٹن سے شادی کا لائسنس حاصل کرنے کی شرائط اور ٹائم لائنز کے بارے میں جانیں۔

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca